تبدیلیٔ قیادت کے لیے آپ اگر واقعی کچھ کرنا چاہتے ہیں تو اس کی صورت صرف یہ ہے کہ اس گندے کھیل میں پاکیزگی کے ساتھ آئیے، تمام بُرے ہتھکنڈوں کا مقابلہ صحیح طریق سے کیجیے۔ جعلی ووٹ کے مقابلے میں اصلی ووٹ لائیے۔ دھن سے ووٹ خریدنے والوں کے مقابلے میں اصول اور مقصد کی خاطر ووٹ دینے والے لاکر دکھائیے۔ دھوکے اور جھوٹ اور فریب سے کام لینے والوں کے مقابلے میں سچائی اور راستبازی کا مظاہرہ کیجیے۔ دھونس اور زبردستی سے ووٹ لینے والوں کے مقابلے میں ایسے ووٹر پیش کیجیے جو بے خوف ہوکر اپنے ضمیر کے مطابق ووٹ دیں۔ دھاندلیوں کے مقابلے میں ٹھیٹھ ایمانداری برت کر دکھائیے۔ ایک نہیں، دس دفعہ ناکامی ہو۔ آپ کوئی تبدیلی یہاں لاسکتے ہیں تو اسی طریقے سے لاسکتے ہیں۔

(تحریک اسلامی کا آئندہ لائحہ عمل صفحہ ۲۲۶ - ۲۲۷ - اشاعت دوم)

گوربچوف نے کہا

امام ترمذی کے افکار سے مسائل کا حل کیا جائے!

ایک خبر کی تلخیص

ماسکو - ۲۳ ستمبر (پ پ ا) صدر گورباچوف نے کہا کہ عظیم مسلم سکالر اور فلسفی "امام ترمذی" کے افکار سے آج کی پریشان دنیا کے مسائل کا حل تلاش کیا جائے۔ وہ ازبکستان کے دارالحکومت "تاشقند" میں ان مسلم رہنماؤں اور سکالرز سے ملاقات کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے جو "امام ترمذیؒ" کی برسی کے موقع پر تاشقند میں منعقد ہونے والی "اسلامی کانفرنس" میں شرکت کے لیے وہاں جمع ہوئے تھے۔ اس دوران میں پرلیسٹرائیکا، مشرق وسطیٰ کے خلیجی حالات اور ان حالات میں اسلام کے اثرات و ممکنات پر غور کیا گیا۔ صدر گورباچوف اس بات کے قائل ہو گئے کہ کانفرنس کے شرکاء مسلم سکالرز اور قائدین مشرقِ وسطیٰ کے مسلمانوں کے نزاعات کو حل کرانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ (نوائے وقت لاہور ۲۳ نومبر ۱۹۹۰ ص ۸) ــ رسالہ کے پریس جاتے جاتے۔